SECURITIES & EXCHANGE COMMISSION OF PAKISTAN

PRESS RELEASE

For immediate release

May 3, 2023

ایس ای سی پی نے صرف 'آن لائن' بروکرز کے لئے ریگولیٹری فریم ورک متعارف کروادیا

اسلام آباد، 3 مئی: سکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان نے، آن لائن سرمایہ کاری کے پلیٹ فارمز کی بڑھتی ہوئی مانگ کو مد نظر رکھتے ہوئے اب پاکستان میں بھی صرف آن لائن ٹریڈنگ سروسز فراہم کرنے والے سکیورٹیز بروکروز کے لیے ریگولیٹری فریم ورک کی منظوری دے دی ہے۔ اس مقصد کے لئے پاکستان اسٹاک ایکسچینج کی رولز بک میں ترامیم منظور کر لی گئیں ہیں۔ آن لائن بروکرز سکیورٹیز مارکیٹ میں جدت اور سرمایہ کاری کو سہل بنانے کی جانب ایک اہم قدم ہے۔

مجوزہ نئے ریگولیٹری فریم ورک میں سرمایہ کاروں کے اکاؤنٹ آن لائن کھولے جائیں گے اور بروکرز اپنے صارفین کو ٹریڈنگ خدمات بھی آن لائن ہی فراہم کریں گے۔ صرف آن لائن خدمات فراہم کرنے والے بروکرز، ٹریڈنگ بروکرز کے زمرہ میں ہی کام کریں گے جبکہ ان کی ٹریڈنگ کی کلیئرنگ بھی پروفیشنل کلئیرنگ بروکرز ہی انجام دیں گے۔ آن لائن بروکرز کے لئے ریگولیٹری کمپلائنس اور آپریشنل تقاضے کافی حد تک محدود ہوں گے۔

صرف آن لائن بروکرز کے لیے لائسنس کی فیس پچاس ہزار روپے جبکہ تجدید کی فیس پچیس ہزار روپے مقرر کی گئی ہے۔ آن لائن بروکرز کے لئے کم از کم نیٹ وورتھ 75 لاکھ روپے مقرر کی گئی ہے جبکہ سنگل ممبر کمپنیاں بھی آن لائن بروکرز کی خدمات فراہم کرنے کی اہل ہو سکیں گی۔ اس نئے فریم ورک کے تحت نئے کاروباری افراد کم ابتدائی لاگت اور محدود آپریشنل اخراجات کے ساتھ بروکریج کے خدمات کے کاروبار سے منسلک ہو سکیں گے۔ موجودہ بروکرز اپنے اوپری اخراجات کو کم کرنے اور ٹریڈنگ پر توجہ مرکوز رکھنے کے لیے اس نئے فریم ورک سے مستفید ہو سکتے ہیں۔

Securities and Exchange Commission of Pakistan
NICL Building, 63 Jinnah Avenue, Islamabad
Tel: 051-9214005

توقع کی جاتی ہے کہ آن لائن بروکرز دستیاب ہونے سے کیپٹل مارکیٹ میں سرمای کاری نہایت آسان ہو جائے گی اور زیادہ سے سٹاک مارکیٹ میں سرمایہ کاروں کی تعداد میں بھی اضافہ ہو گا۔

Securities and Exchange Commission of Pakistan
NICL Building, 63 Jinnah Avenue, Islamabad
Tel: 051-9214005